

# السر المکشوف فی اعمال الکسوف والخسوف

مؤلف
صوفی محمد ایاز اویسی ابو العلائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ۔ امّا بعد !

اعمالِ گرہن سے متعلق عاملین حضرات و دیگر دوست احباب کا ذوق و شوق دیکھتے ہوئے راقم الحروف کے قریبی رفقاء حضرات جن میں بالخصوص شیخ الحدیث مفتی ضیاء اللہ قادری صاحب مدظلہ العالی، مفتی سلیم مکی قصوری صاحب زید مجدہ اور عامل کامل محترم جناب شہزاد قادری صاحب زید مجدہ شامل ہیں انہوں نے حکم فرمایا کہ گرہن سے مرتب ہونے والے اثرات و اعمال پر کوئی مختصر و جامع رسالہ تحریر کیا جائے۔

چونکہ ان حضرات کا حکم تھا لیکن وقت کی قلت بھی تھی لہذا ایک روز میں جتنا ممکن ہو سکا راقم الحروف نے اپنی کم علمی کے باوجود چند سطریں ان دوست احباب کے حکم پر تحریر کر دیں۔ یہ رسالہ فی الحال نامکمل ہے ابھی اس میں مزید اعمال و گرہن سے متعلق تحقیقی نکات شامل کرنا باقی ہیں جو کہ ان شاء اللہ کچھ عرصے تک اضافہ شدہ ایڈیشن میں مع فہرست شامل کر دیئے جائیں گے۔

قارئین حضرات سے درخواست ہے کہ جہاں کوئی علمی غلطی پائیں راقم الحروف کی کم علمی سمجھ کر عفو کا معاملہ فرماتے ہوئے درج ذیل نمبرز پر ضرور آگاہ فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ شکریہ

صوفی محمد ایاز اویسی ابو العلائی عفی عنہ

شیخ الحدیث مفتی ضیاء اللہ قادری صاحب: 0301-8889786

محترم جناب سلیم مکی قصوری صاحب: 0321-6579196

محترم جناب شہزاد انجم قادری صاحب: 0300-8625099

# ﴾سورج و چاند گرہن کیوں ہوتا ہے؟﴿

زمین پر سورج گرہن اُس وقت ہوتا ہے جب چاند گردش کے دوران سورج اور زمین کے درمیان میں آجاتا ہے۔ جس کے بعد زمین سے سورج کا کچھ یا پھر پورا حصہ نظر نہیں آتا۔

اسی طرح زمین کا وہ سایہ جو گردش کے دوران کرہ زمین کے چاند اور سورج کے درمیان آجانے سے چاند کی سطح پر پڑتا ہے اور چاند تاریک نظر آنے لگتا ہے۔ اس کیفیت کو چاند گرہن کہتے ہیں۔

قدیم مذاہب میں سورج گرہن اور چاند گرہن کے متعلق عجیب و غریب قصے مشہور تھے۔ جبکہ دینِ اسلام نے اسے اللہ تعالیٰ کی نشانی قرار دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ کسوف و خسوف ادا کر کے بتادیا کہ اس کیفیت میں سورج و چاند کی حرکت معمول سے ہٹ کر ہے جو اللہ کی نشانی ہے اور قیامت کا منظر ہے۔ اس سے پناہ مانگنے کے لیے خدا کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤ۔ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے:

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ.

ترجمہ: ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں اَطرافِ عالم میں اور خود اُن کی ذاتوں میں دِکھا دیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہی حق ہے۔ کیا آپ کا

درسگاہِ علوم روحانیت و بیت الشفاء

رب (آپ کی حقانیت کی تصدیق کے لئے) کافی نہیں ہے کہ وہی ہر چیز پر گواہ (بھی) ہے۔ حٰمٓ السَّجْدَة، 41: 53

اللہ تعالیٰ کی طرف سے جن نشانیوں کے اظہار کا ذکر کیا گیا ہے سورج گرہن اور چاند گرہن بھی انہی میں سے ہیں۔ چنانچہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلَكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَصَلُّوا.

ترجمہ: سورج اور چاند کو کسی کی موت اور زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ جب تم انہیں دیکھو تو نماز پڑھا کرو۔

بخاری، الصحيح، 1: 353، رقم: 995، بيروت، لبنان: دار ابن كثير اليمامة

مسلم، الصحيح، 2: 630، رقم: 914، بيروت، لبنان: دار احياء التراث العربي

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلَكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُمَا فَصَلُّوا.

ترجمہ: سورج اور چاند کو کسی کی موت کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ جب ایسا دیکھو تو نماز پڑھا کرو۔

بخاری، الصحيح، 1: 359، رقم: 1008

درسگاہِ علوم روحانیت و بیت الشفاء

**گرہن کے موقع پر حضور ﷺ کے اعمال** : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دورانِ گرہن چند اعمال حدیثِ مبارکہ سے ثابت ہیں۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث مبارکہ میں ارشاد ہے:

عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فَزِعًا يَخْشَى أَنْ تَكُونَ السَّاعَةُ فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَصَلَّى بِأَطْوَلِ قِيَامٍ وَرُكُوعٍ وَسُجُودٍ رَأَيْتُهُ قَطُّ يَفْعَلُهُ وَقَالَ هَذِهِ الْآيَاتُ الَّتِي يُرْسِلُ اللهُ لَا تَكُونُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلَكِنْ {يُخَوِّفُ اللهُ بِهِ عِبَادَهُ} فَإِذَا رَأَيْتُمْ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ.

ترجمہ : حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سورج کو گرہن لگا تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایسی کیفیت طاری ہوئی جیسے قیامت آگئی ہو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما ہوئے اور نماز پڑھی، بہت ہی لمبے قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ۔ میں نے آپ کو ایسا کرتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔ اور فرمایا کہ یہ نشانیاں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے۔ یہ کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ جب تم ایسی کوئی بات دیکھو تو اللہ کے ذکر، دعا اور استغفار کی طرف دوڑا کرو۔

بخاري، الصحيح، 1: 360، رقم: 1010

مسلم، الصحيح، 2: 628، رقم: 912

**حاملہ خواتین سے متعلق حکم:** اکثر لوگ سوال کرتے ہیں کہ حاملہ عورت کو گرہن کے وقت کچھ کاٹنا یا اور کوئی کٹنے والا کام نہیں کرنا چاہیے۔اس کی کیا حقیقت ہے؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے سورج گرہن اور چاند گرہن کے اوقات میں نوافل، دعائیں اور صدقات کے واقعات تو ملتے ہیں مگر مذکورہ امور کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی ممانعت بیان نہیں فرمائی اور نہ ہی سورج گرہن اور چاند گرہن کے وقت حاملہ خواتین کے لیے کوئی خصوصی احکام بیان فرمائے ہیں۔

## چاند گرہن اور سورج گرہن کے مسنون اعمال:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات میں ہمیں گرہن سے متعلق جو معمولات ملتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

- نماز یعنی صلوۃ الخسوف وکسوف
- ذکر
- استغفار

**سورج یا چاند گرہن لگنے کی نماز:** چاند گرہن کو "خسوف" کہتے ہیں، اور چاند گرہن کے وقت دو رکعت نماز دیگر نوافل کی طرح انفراداً پڑھنا مسنون ہے۔اس میں جماعت مسنون نہیں ہے،اس کا طریقہ عام نوافل کی

طرح ہے، کسی بھی اعتبار سے فرق نہیں، سوائے اس کے کہ نیت "صلاۃ الخسوف" کی ہوگی۔

سورج گرہن کو "کسوف" کہتے ہیں، سورج گرہن کے وقت بھی دو رکعت نماز پڑھنا مسنون ہے، ہاں اگر تنہا پڑھ رہا ہو تو دو سے زیادہ بھی (چار، چھ) جتنی چاہیں پڑھ سکتے ہیں۔

اس کی نماز کا بھی وہی طریقہ ہے جو عام نوافل کا ہے، اگر حاضرین میں جامع مسجد کا امام موجود ہو تو "کسوف" یعنی سورج گرہن کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنی چاہیے۔ اس نماز کے لیے اذان اور اقامت نہیں ہے اگر لوگوں کو جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے جمع کرنا مقصود ہو تو اعلان کر دیا جائے نیز اس نماز میں سورۂ بقرہ یا اس جیسی بڑی سورتیں پڑھنا یعنی طویل قراءت اور لمبے لمبے رکوع اور سجدے کرنا مسنون ہے۔ اس نماز میں قراءت آہستہ آواز سے کی جائے گی۔ نماز کے بعد امام دعا میں مصروف ہو جائے اور سب مقتدی آمین آمین کہیں، یہاں تک سورج گرہن ختم ہو جائے۔

ہاں اگر ایسی حالت میں سورج غروب ہو جائے یا کسی نماز کا وقت ہو جائے تو دعا ختم کر کے وقتی فرض نماز میں مشغول ہو جانا چاہیے۔ اسی طرح مکروہ اوقات میں سورج گرہن ہو جائے تو یہ نماز نہیں پڑھی جائے گی، بلکہ صرف دعا کر لی جائے۔ فقط واللہ اعلم

**گرہن کے اثرات**: عاملین کے نزدیک گرہن نہایت نحس وقت ہوتا ہے جس میں منفی قوتوں کے اثرات کرۂ ارض کو متاثر کرتے ہیں۔ سورج گرہن کے اثرات ایک سال جبکہ چاند گرہن کے ایک ماہ تک ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔

بین الاقوامی طور پر گرہن بارشوں، طوفان، قتل وغارت، جانوروں اور فصلوں وغیرہ کی تباہی کا سبب گنا جاتا ہے۔ اہلِ نجوم کے نزدیک گرہن جس برج میں جس درجہ پر واقع ہو گا اس کا نقصان اس برج سے متعلقہ افراد و اشیاء پر ظاہر ہوتا ہے۔ چاند گرہن سے زیادہ سورج گرہن کے اثرات کو قوی تر مانا جاتا ہے اور بعض حضرات اسی وجہ سے سورج گرہن میں مختلف احکامات کو لازم قرار دیتے ہیں۔ ان میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

- مکمل سورج گرہن یا 70 فیصد سے اوپر سورج گرہن کی وجہ سے درجہ حرارت ایک دم کم ہو جاتا ہے۔
- سورج گرہن کے دوران سورج کی طرف بغیر کسی فلٹر والے چشمے کے دیکھنے سے انسان ہمیشہ کے لئے اندھا ہو سکتا ہے۔ اسلئے اس دوران سورج کی طرف نہ دیکھیں۔
- حاملہ خواتین Pregnant Women سورج گرہن کے وقت گھر سے باہر نہ جائیں یا کھلے آسمان کے نیچے نہ جائیں ! سورج کی ریڈی ایشن خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔
- عام سن گلاسز Sun Glasses کا استعمال سورج گرہن کے دوران سورج سے نکلنے والی ریڈی ایشن / تابکاری /Radiation سے آپکی آنکھوں کو محفوظ نہیں رکھے گا ! غلطی سے بھی ایسا نہیں کریئے گا کہ سن گلاسز پہن کر سورج گرہن کو دیکھنے لگ جائیں۔

درسگاہ علوم روحانیت و بیت الشفاء

- بچوں اور بوڑھوں کا گھروں میں رہنا بہتر رہے گا۔

**گرہن میں کئے جانے والے اعمال**: گرہن کے وقت مفارقت ، دشمنی، نقصانات ،تباہی ، جدائی ، بندش اور اسی طرح کے منفی اعمال کئے جاتے ہیں۔ عاملین حضرات گرہن کے دوران کئی اعمال کی زکاتیں ادا کرتے اور اپنے شاگردوں کو بھی ادا کرواتے ہیں۔ ان اعمال میں بندش کے اعمال اور بالخصوص حروفِ صوامت کی زکات سرِ فہرست ہے۔

## کیا گرہن میں کئے جانے والے اعمال سب کے لئے یکساں مفید ہیں؟:

نہیں بالکل بھی ایسا نہیں ہے۔ جس برج میں گرہن واقع ہوتا ہے اس کے منفی اثرات نہ صرف اس برج سے متعلق افراد پر اثرانداز ہوتے ہیں بلکہ اس سے خانہ نمبر ۴ ،۷، ۸ ، ۱۰ اور ۱۲ والے افراد پر بھی اس کے نحس اثرات پڑتے ہیں۔

جیسے کہ اگر گرہن برج قوس میں واقع ہو گا تو یہ ان اصحاب کے لئے بھی ناقص ہے جن کا برج جوزا، سرطان، سنبلہ، عقرب اور حوت ہے۔ اگر یہ اصحاب کسی عمل کی زکات ادا کریں گے تو سخت ترین رجعت کا شکار ہونگے اور نہ صرف خود بلکہ ان کے اہل و عیال کو بھی مصائب سے دوچار ہونا پڑے گا لہذا گرہن کے اعمال اور بالخصوص حروفِ صوامت کی زکات و دیگر بندش کے اعمال کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھیں کہ موجودہ گرہن کس برج میں لگا ہے اور اس سے آپ کے برج کا فاصلہ کتنا ہے ؟۔

**ناقص بروج والے حضرات کیا کریں؟:** پہلے ہم بیان کر چکے کہ گرہن ہر شخص کے لئے فائدہ مند نہیں ہے بعض حضرات کے لئے انتہائی نقصان دہ ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ حضرات جن کے برج میں گرہن لگا ہے یا دیگر وہ بروج جن کے حامل حضرات کو گرہن متاثر کر رہا ہے وہ اس کے بد اثرات سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں؟۔

اس مسئلے کے حل کے لئے مختلف طریقے صاحبانِ علم و فن نے وضع کئے ہیں جن میں سے چند اعمال ہم یہاں پیش کرتے ہیں۔ یہ تمام طریقے نہ صرف متعلقہ بروج سے وابستہ افراد کے لئے مفید ہیں بلکہ وہ تمام حضرات جو گرہن میں کچھ اعمال کرنا چاہتے ہیں پر انہیں سمجھ نہیں آتا کہ کیا کریں ان کے لئے بھی انتہائی مجرب ہیں یعنی ہر شخص ان اعمال کو کر کے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

**اسماءِ بروج کا ورد اور ان کے نقوش:** یہ طریقہ سب اعلی و مجرب ہے۔ اگر آپ پر پہلے سے کوئی بندش، سحر یا رجعت کے معاملات ہیں تو اس طریقے پر عمل کر کے آپ کو تمام بندشوں ور جعتوں سے نجات حاصل ہو گی ۔ روحانی امراض سے شفاء اور دشمنوں، حاسدوں و مکاروں سے حفاظت ہو جائے گی اور آئندہ بھی اس قسم کے تمام مسائل سے آپ محفوظ ہو جائیں گے۔

اس طریقے میں لازم ہے کہ آپ کو اپنا طالع برج معلوم ہو کیونکہ اس کے بغیر آپ اس عمل سے فائدہ نہ اٹھا سکیں گے۔

**برج معلوم کرنا:** جیسے کہ ہم نے بیان کیا کہ اس طریقے میں آپ کو اپنا برج معلوم ہونا ضروری ہے لہذا سب سے پہلے اپنا برج معلوم کریں۔ جس کے دو طریقے مشہور و معروف ہیں۔

**طریقہ اوّل:** اپنی تاریخ پیدائش، وقتِ پیدائش، جگہ پیدائش اور اس جگہ کے کوابکی وقت کی مدد سے اپنا ذائچہ بنائیں اور دیکھیں کہ جس وقت آپ کی پیدائش ہوئی اس وقت اُفق پر کونسا برج طلوع تھا۔ یہی آپ کا طالع برج ہے جس کی اس عمل میں آپ کو ضرورت ہے۔

**طریقہ دوم:** بعض حضرات ایسے بھی ہیں جن کو اپنے تاریخ پیدائش اور بالخصوص وقتِ پیدائش کا صحیح علم نہیں ہوتا۔ ان کے لئے بہتر یہ ہے کہ اپنا نام مع والدہ کے اعداد کو بارہ پر تقسیم کریں۔ تقسیم کے بعد جو عدد حاصل ہو اسے درج ذیل جدول میں دیکھ لیں۔ اس کے مطابق برج ہی آپ کا طالع برج ہو گا۔

| حاصل عدد | برج | حاصل عدد | برج |
|---|---|---|---|
| ۱ | حمل | ۷ | میزان |
| ۲ | ثور | ۸ | عقرب |
| ۳ | جوزا | ۹ | قوس |
| ۴ | سرطان | ۱۰ | جدی |
| ۵ | اسد | ۱۱ | دلو |
| ۶ | سنبلہ | کچھ نہ بچے | حوت |

درسگاہِ علوم روحانیت و بیت الشفاء

**ترکیب عمل**: گرہن شروع ہوتے ہی غسل کریں اور پاک صاف لباس زیب تن کریں۔ لباس کو سب سے بہتر تو یہ ہے کہ عود سے معطر کریں اور اگر عود میسر نہ ہو تو ایسے عطر کا استعمال کریں جس کی خوشبو آپ کی طبیعت پر گراں نہ گزرے۔

یہ یاد رکھیں عملیاتی دنیا میں یہ امر لازم ہے کہ عداوت و دشمنی اور بالخصوص گرہن کے اعمال کرتے وقت آپ کی طبیعت کا پُرسکون اور ٹینشن فری ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ کے ذہن پر کوئی بوجھ ہوا تو یہ اعمال آپ کی طبیعت پر مزید بوجھ طاری کر دیں گے اور یہی وجہ ہے کہ اس طرح کے اعمال کرنے والے اکثر ڈپریشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اضطرابی کیفیت صرف حل المشکلات و حاجات کے اعمال میں مفید ہے اور اس کے برعکس حُب و عداوت کے اعمال میں آپ کا پُرسکون ہونا اور مطلوب کا پریشان و اضطرابی تصور قائم رہنا مفید ثابت ہوتا ہے۔

غسل کرنے اور معطر ہونے کے بعد مسنون طریقے پر نفل ادا کریں۔

اگر درودِ تنجینا یاد ہو تو کم سے کم ۲۱ مرتبہ لازم پڑھیں یہ درود ہمہ قسم کی نظرات کو ختم کرنے میں مجرب ہے۔ بعدہ کلمہ تمجید ۷۰ مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد اپنے برج کے مطابق اسماءِ الٰہیہ کا ورد کریں۔ اگر کوئی نقش تیار کرنا چاہیں تو انہیں اسماء کے اعداد کا نقش مثلث یا مربع تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ جب عمل پورا کر چکیں تو استغفار کا ورد شروع کریں اور آخر میں رب تعالیٰ کی بارگاہ میں آہ و زاری کے ساتھ اپنے جمیع مسائل کے حل بالخصوص معاشی تنگی، رشتوں کی بندش

، جادو و اثراتِ بد سے نجات اور دشمنوں حاسدوں و مکاروں کی ہرزہ سرائی سے نجات کے لئے دعا کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے نتائج آپ خود چند دنوں میں مشاہدہ کرلیں گے۔ گرہن ختم ہونے کے بعد کچھ صدقہ کریں اور اگر نقش بنایا ہے تو اسے اپنے پاس رکھ لیں یا بائیں بازو پر باندھ لیں۔ اسماءِ الہیہ جو پڑھے تھے ان کی مختصر تعداد اپنے معمول میں رکھ لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ طریقہ آپ کی ہر حاجت کے لئے کافی ہو جائے گا۔

| | |
|---|---|
| حمل | یا کریم ، یا معز، یا رافع ، یا سمیع ، یا حکیم |
| ثور | یا جلیل ، یا شکور ، یا رؤف ، یا نافع |
| جوزا | یا اللہ ، یا عزیز، یا غفار ، یا لطیف |
| سرطان | یا حسیب ، یا سمیع ، یا جبار ، یا بدیع |
| اسد | یا منتقم ، یا آخر ، یا حی ، یا دیان |
| سنبلہ | یا قدوس ، یا اول ، یا کبیر |
| میزان | یا حق ، یا ودود ، یا شافی ، یا منعم |
| عقرب | یا واجد ، یا باسط ، یا مکرم ، یا قیوم |
| قوس | یا وکیل ، یا مجید ، یا واسع ، یا رافع |
| جدی | یا قہار ، یا فتاح ، یا محیط ، یا مھیمن |
| دلو | یا مؤمن ، یا احد ، یا واحد ، یا کافی |
| حوت | یا وھاب ، یا مغنی ، یا رزاق ، یا حمید |

**گرہن سے متعلق چند مفید معروضات:** بعض ایسے احباب بھی ہیں جو عملیات کے پیشے سے وابستہ ہیں اور چاہتے ہیں کہ گرہن میں کچھ ایسے خاص اعمال کی زکاتیں ادا کی جائیں جن سے نہ صرف خود انہیں بلکہ انکے پاس آنے والے سائلین کو بھی فائدہ پہنچ سکے۔

ایک بات تو یہ یاد رکھیں کہ گرہن کی زکات و اعمال صرف اسی صورت میں کارگر ثابت ہونگے کہ جس وقت جزوی یا مکمل گرہن آپ کے ملک میں نظر آئے۔ اگر گرہن نظر نہ آیا تو اس سے متعلقہ اعمال پڑھنے کا ثواب تو آپ کو ضرور حاصل ہوگا لیکن اس سے جو فوائد آپ حاصل کرنا چاہ رہے ہیں وہ شاید آپ کو مکمل طور پر حاصل نہ ہو سکیں۔

یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کہ کسی ملک میں رمضان یا عید کا چاند نظر آجائے لیکن ہم اس وقت تک روزہ یا عید کا اہتمام نہیں کرتے جب تک ہمارے اپنے ملک میں ان ایام کا چاند دکھائی نہ دے یا کوئی شخص اپنے ملک میں یہ کہہ کر نمازِ ظہر قضا نہیں کر سکتا کہ فلاں ملک میں اس وقت زوال کا وقت ہے لہذا ہمارے ملک میں اس وقت ظہر ادا کرنا مناسب نہیں۔

حضور ﷺ کی وہ حدیث بھی جو قبل بیان کی گئی ہے اس پر شاہد ہے:

**فَإِذَا رَأَيْتُمْ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ**۔ جب تم ایسی کوئی بات دیکھو تو اللہ کے ذکر، دعا اور استغفار کی طرف دوڑا کرو۔ اس روایت کے الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ گرہن سے متعلق ذکر، دعا و استغفار کا اہتمام گرہن کے مشاہدے پر موقوف ہے۔

درسگاہ علوم روحانیت و بیت الشفاء

اسی طرح گرہن میں ہر زکات بھی فائدہ مند نہیں ہوتی جبتک زکات متعلقہ بروج سے متعلق منسوبات سے موافقت نہ رکھتی ہو۔ لہذا ہم یہاں چند زکاتیں بیان کرتے ہیں جنہیں تمام حضرات گرہن کے کے موقع پر ادا کرسکتے ہیں۔ ان تمام اعمال میں کسی طرح کی کوئی رجعت یا نقصان کا بالکل کوئی اندیشہ نہیں ہے۔

**آیاتِ حفاظت کی زکات**: یہ زکات حصار بھی ہے اور دم بھی۔ جمیع شرور سے حفاظت، رجعتوں کا خاتمہ اور امراض میں شفاء کا نہایت مفید عمل ہے۔ عامل حضرات اس زکات کے بعد جادو و بندش کی کاٹ بھی کرسکتے ہیں۔ نظر بد، سحر و بندش کے توڑ کے لئے آیات کو لکھ کر گلے میں پہنائیں پینے کے لئے دیں اور عددی نقش لکھ کر نہانے کو دیں۔ کئی بار کا تجربہ ہے کہ ہمہ قسم کی بندشیں، جادو اور نظر کے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔ شفائے امراض کے لئے ان آیات کا دم پینے اور پہننے کے تعویذات بہت مفید ہیں۔ آیات یہ ہیں:

وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۞ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۞ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۞ وَحِفْظًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۞ وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۞ إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۞ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ (٢١) فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۞ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۞ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۞ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۞ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۞ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِينَ ۞ وَرَبُّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۞ اللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ۞ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۞

ان آیات کو اگر بوقت گرہن ایک سو ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے تو اگلے گرہن تک ان کی زکات ادا ہو جاتی ہے۔ بعدہ عاملین ان آیات کی برکات سے دم و تعویذات کے ذریعے کام لے سکتے ہیں۔ اگر نقش عددی وضع کرنا چاہیں تو کُل آعداد ان آیات کے 30725 ہیں۔

**یَاقَابِضُ اور گرہن:** ایک اور زکات اسم یَاقَابِضُ کی دورانِ گرہن بھی ادا کی جاتی ہے۔ بالخصوص ایسے چاند و سورج گرہن میں جو کامل طور پر ظاہر ہوں ۔ یہ زکات انتہائی آسان اور ذود اثر ہے۔

گرہن کے موقع پر حروفِ صوامت اور اسم الٰہی یَاقَابِضُ کی زکاتیں عاملین میں مشہور ہیں لیکن حروفِ صوامت کی زکات کے دوران اکثر حضرات رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں جبکہ اسم یَاقَابِضُ میں رجعت کا کوئی اندیشہ ہی نہیں ہے۔ اسم قابض کی زکات چاند و سورج گرہن میں علیحدہ علیحدہ طریقوں سے ادا کی جاتی ہے یہاں ہم دونوں گرہنوں میں اسم قابض کی زکات ادا کرنے کی مکمل ترکیب واستعمال کو مفصل بیان کریں گے تاکہ قارئین اس اسم سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں اور یہ وہ طریقے ہیں جو حروفِ صوامت سے زیادہ مجرب اور رجعت سے بالکل محفوظ ہیں۔

**ترکیب زکات :** چاند گرہن مکمل ہونے سے ایک گھنٹہ قبل غسل کر کے لباس پاک وصاف اور معطر زیب تن کریں۔ دو رکعت نفل نماز خسوف ادا کریں ۔ بعدہ ۱۱ مرتبہ درودِ پاک ۱۱ مرتبہ یَاقَهَّارُ پڑھ کر ۲۲۰۹ مرتبہ یَاقَابِضُ پڑھیں ۔ آخر میں دوبارہ ۱۱ مرتبہ یَاقَهَّارُ اور ۱۱ مرتبہ درودِ پاک پڑھ کر وظیفہ ختم کر دیں۔ وظیفہ ختم ہونے کے بعد یَاقَابِضُ کا نقش مثلث ۱۴۱ عدد کالی سیاہی

سے لکھ لیں۔ بس زکات ادا ہو گئی اگلے روز یہ نقش کسی ایسی جگہ زمین میں دبا دیں جہاں کسی کے قدم نہ پڑیں۔ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| یاقابض | یاقابض | یاقابض |
| یاقابض | یاقابض | یاقابض |
| یاقابض | یاقابض | یاقابض |

**ترکیب استعمال:** نام مطلوب اور مقصد کی سطر کو اسم قابض میں اس طرح امتزاج دیں کہ حرفِ اول اسم الٰہی کا اور دوسرا حرف مطلوب کے نام کا ہو۔ عملِ حب ہے تو جفت ورنہ طاق حروف کے کلمات بنائیں۔

سطر امتزاج کے اعداد کو اسم قابض کے مثلث میں خاکی چال سے بھریں اور نقش کے چاروں طرف سطر امتزاج سے استخراج شدہ کلمات کے آگے آئیل کا اضافہ کر کے لکھ دیں۔ اس ترکیب سے چار عدد نقوش لکھ کر اربع عناصر پر استعمال کئے جائیں۔

**مثال:** مطلوب: زید، مقصد: سفر سے روکنا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ق | ا | ب | ض | ق | ا | ب | ض | ق | ا | ب | ض |
| ز | ی | د | ب | س | ت | م | س | ف | ر | x | X |

سطر امتزاج: قزای، بوضب، قسات، بمضس، قفار، بض = ۳۵۷۴

قزایائیل بوضبائیل قساتائیل بمضسائیل قفارائیل بضائیل

| | | |
|---|---|---|
| یاقابض<br>۱۴۹۱ | یاقابض<br>۱۴۹۶ | یاقابض<br>۱۴۸۸ |
| یاقابض<br>۱۴۸۹ | یاقابض<br>۱۴۹۲ | یاقابض<br>۱۴۹۴ |
| یاقابض<br>۱۴۹۵ | یاقابض<br>۱۴۸۷ | یاقابض<br>۱۴۹۳ |

قزایائیل بوضبائیل قساتائیل بمضسائیل قفارائیل بضائیل

**گرہن میں جمیع مسائل کے حل کے لئے ورد** : اگر آپ کو ہر طرف سے مصائب و پریشانیوں نے گھیرا ہوا ہے یا روزگار کی تنگی ہے یا رشتوں کے مسائل ہیں تو دورانِ گرہن مسنون اعمال کے بعد درج زیل اسمِ الٰہی کا کثرت سے ورد کریں۔ جب گرہن ختم ہو جائے تو ایکسو ایک مرتبہ بعد نماز عشاء اپنے معمول میں رکھ لیں۔ ۲۱ روز میں ان شاء اللہ آپ خود اس اسمِ مبارک کی برکات کا مشاہدہ کریں گے۔ اگر تاحیات اس ورد کو جاری رکھیں تو جمیع امور غیب سے پورے ہوتے رہیں گے۔ اسم الٰہی یہ ہے:

یَاذَاالجَلَالِ وَالْاِکرَام

**زبان بندی کے لئے** : درج زیل کلمہ دورانِ زکات ۵۴۳ مرتبہ پڑھیں بعدہ ۱۹ مرتبہ معمول میں رکھیں۔

جس کی طرف ۱۹ مرتبہ پڑھ کر تصور میں دم کریں گے زبان اس کی آپ کی مخالفت سے بند ہو جائے گی۔ اگر کسی اور کے لئے کام میں لانا ہو تو اس کلمہ کے اعداد میں نام مخالف کے اعداد ملا کر مثلث نقش خاکی چال سے بھریں۔ نقش کے نیچے مقصد کی عبارت تحریر کریں اور کسی وزن کے نیچے دبا دیں۔ مخالف کی زبان بند ہو جائے گی۔ عبارت یہ ہے: صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَایَتَکَلَّمُوْنَ

**مالی حالات کی درستگی کے لئے** : بارہا کا تجربہ شدہ وظیفہ ہے۔ اکثر حضرات کو بتایا اور ان کو بہت فائدہ پہنچا ہے۔ جن کے مالی حالات خراب ہوں یا رقم واپس نہ ملتی ہو تو گرہن کے دوران کثرت سے پڑھیں۔

یَاغَنِیُّ یَامُغْنِی اَنْتَ الْغَنِیُّ اَنْتَ الْمُغْنِی

## مجرب فلیتہ برائے جادو، جنات اور مہلک امراض کیلئے

**کیلئے**: کمالاتِ عزیزی میں شیخ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ایک فلیتہ درج ہے اگر کسی کو جن، بھوت، آسیب نے ستایا ہو یا مہلک مرض میں مبتلا ہو اور جادو سے نجات کا خواہاں ہو تو اس کیلئے یہ فلیتہ انتہائی مجرب ہے۔ اس فلیتہ کو سفید کاغذ پر لکھ کر اس کی پُشت پر یہ عبارت لکھیں۔ "ہر بلائے کہ در وجود فلاں بن فلاں باشد گرفتہ بسوزاند"۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مریض کا نام مع والدہ لکھیں۔ فلیتہ چودھویں خانے کے گوشہ سے سولھویں خانے کی طرف اس طرح لپیٹیں کہ ۱۲ خانہ اوپر رہے کیونکہ اس فلیتہ کو اسی طرف سے جلانا ہے۔ فلیتہ پر نیلا دھاگہ یا نیلے سوت کا کپڑا لپیٹ لیں۔ ایک کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر چراغ کو روشن کریں۔ چراغ کی پشت قبلہ کی طرف ہو جبکہ مریض روشن چراغ کی لَو کو اس طرح سامنے بیٹھ کر دیکھتا رہے کہ مریض کا چہرہ قبلہ کی طرف ہو۔ چراغ کو مریض کے سامنے کسی اونچی جگہ پر رکھیں تاکہ چراغ مریض کی نظروں کے بالکل سامنے رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسے بھی اثرات ہوں، جادو، جنّات کا مسئلہ ہو یا کوئی مہلک مرض لاحق ہو گیارہ روز کے اندر بالکل آرام ہو جائے گا۔ انتہائی مجرب المجرب اور تجربہ شدہ فلیتہ ہے۔

**زکات کا طریقہ**: اس فلیتہ کی زکات ادا کرنے سے متعلق شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تو کوئی طریقہ بیان نہیں فرمایا البتہ اساتذہ سے جو طریقہ عطا ہوا وہ یہ ہے کہ اگر بوقتِ گرہن اس فلیتے کو ۴۵ مرتبہ کالی سیاہی سے لکھ کر بہتے پانی میں بہادیا جائے تو اس کی زکات ادا ہو جاتی ہے۔ فلیتہ یہ ہے:

اقسمت علیکم یادردائیل

بجق اجھزط

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ | ۱۹ | ۱۲ |
| ۱۳ | ۱۵ | ۱۷ |
| ۱۸ | ۱۱ | ۱۶ |

اقسمت علیکم یارفتمائیل

بجق لحح اجھزط

**نقشِ خاص:** یہ حروفِ صوامت کا عددی نقش ہے۔ گرہن کے وقت ۱۸۱ مرتبہ لکھنے سے زکات ادا ہو جاتی ہے۔ اس نقش کو بندش کے جمیع مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن چار مقاصد کے لئے انتہائی مفید ہے۔

زبان بندی: اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے مخالفین آپ کے خلاف بولنا چھوڑ دیں تو یہ نقش عین گرہن کے وقت سیاہ رنگ سے لکھ کر اس کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت لکھیں اور اپنے دائیں بازو پر پہن لیں۔ پہننے سے پہلے کچھ رقم سکّے کی صورت میں کسی غریب کو بطور صدقہ ضرور ادا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فأغشیناھم فھم لایبصرون ۔ صم بکم عمی فھم لایرجعون۔عقدت لسانھم و سددت افواھھم بحق الم طه طس طسم عسق ق اللھم احفظ علی حامل ھذا الدعاہ اپنانام معہ والدہ لکھیں بامراللہ الواحد القھار ۔

شر الاشرار سے حفاظت: ایسے افراد جو آپ سے بغض رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ کو معاشرے میں بدنام کریں۔ ان کے شر سے حفاظت کے لئے یہ نقش عین گرہن کے وقت سیاہ رنگ سے لکھ کر اس کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت لکھیں اور اپنے بائیں بازو پر پہن لیں۔ پہننے سے پہلے کچھ رقم سکّے کی صورت میں کسی غریب کو بطور صدقہ ضرور ادا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ کذالک اللہ ربی عن فوقھم و عن فوقنا کذالک اللہ ربی عن یسارھم وعن یسارنا ، انہ علی کل شیئ قدیر و لکل شیئ حفیظ و صلی اللہ علی محمد و سلم بحق الم طہ طس طسم عسق ق اللھم احفظ علی حامل ھذا الدعاہ اپنا نام معہ والدہ لکھیں بامر اللہ الواحد القھار

نظر، جن، پری و جادو سے حفاظت: نظر بد، جادو، جنّات اور ہمہ قسم کی بندش سے نجات کے لئے یہ نقش عین گرہن کے وقت سیاہ رنگ سے لکھ کر اس کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت لکھیں اور اپنے گلے میں پہن لیں۔ پہننے سے پہلے کچھ رقم سکّے کی صورت میں کسی غریب کو بطور صدقہ ضرور ادا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ سددت افواھھم و نظر الجن و الانس و الشیاطین و السحرۃ و الابالسۃ من الجن و الانس و الشیاطین و من یلوذبھم باللہ العزیز الاعزو باللہ الکبیر الاکبر بحق الم طہ طس طسم عسق ق اللھم احفظ علی حامل ھذا الدعاہ اپنا نام معہ والدہ لکھیں بامر اللہ الواحد القھار

برائے عزت و توقیر: تسخیر اور جاہ و مرتبے کے حصول کے لئے یہ نقش عین گرہن کے وقت سنہرے رنگ کے کاغذ پر سرخ رنگ سے لکھ کر اس کے نیچے

مندرجہ ذیل عبارت لکھیں اور اپنے گلے میں پہن لیں۔ پہننے سے پہلے کچھ رقم سکّے کی صورت میں کسی غریب کو بطور صدقہ ضرور ادا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فأغشیناھم فھم لایبصرون ۔ الیوم نختم علی افواھھم و تکلمنا ایدیھم و تشھد ارجلھم بما کانو یکسبون ۔ لو انفقت مافی الارض جمیعا ماالفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیزحکیم یاارحم الراحمین بحق الم طہ طس طسم عسق ق اللھم احفظ علی حامل ھذا الدعاہ اپنا نام معہ والدہ لکھیں بامراللہ الواحد القھار۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸۰ | ۱۸۵ | ۱۷۸ |
| ۱۷۹ | ۱۸۱ | ۱۸۳ |
| ۱۸۴ | ۱۷۷ | ۱۸۲ |

**نوٹ:** ان شاء اللہ العزیز اگلے گرہن تک یہ رسالہ گرہن سے متعلق مزید معلومات و اعمال کے ساتھ مکمل پیش کیا جائے گا۔

درسگاہِ علوم روحانیت و بیت الشفاء